7453-اسلام قبول کرلیا اور اپنے آلات موسیقی کا کیا کرے ؟

سوال

میں نے ستمبر 99 میں الحمدللہ اسلام قبول کیا تھا اور گٹار بجانے کا کام کرتا تھا میں یہ چاہتا ہوں کہ آیا میرے لیے اپنا گٹار بیچنا ممکن ہے ؟

اور اسی طرح کمپیوٹر، گرینڈر، میکروفون ، اور دوسرے آلات جوکہ موسیقی کے علاوہ دوسرے کاموں میں استعمال ہوتے ہیں آیا میں بیچ سکتا ہوں اور اگر ان میں سے کسی بھی چیز کا بیچنا جائز نہیں تو مجھے کیا کرنا چاہیئے ؟

پسندیدہ جواب

ہم نے مندرجہ بالا سوال فضیلۃ الشیخ عبداللہ بن عبدالرحمن بن جبرین حفظہ اللہ تعالی کے سامنے پیش کیا تو ان کا جواب تھا :

اگر یہ اشیاء غالب طور پر یا پھر اس کا استعمال حرام کام میں ہو اور مباح کاموں میں استعمال نہیں تو اس کا ضائع کرنا ضروری ہے ۔

اور جو بھی اللہ تعالی کا تقوی اختیار کرتا ہے اللہ تعالی اس کے لیے کوئی نہ کوئی راستہ نکال دیتا اور اسے روزی وہاں سے دیتا ہے جہاں سے ملنے کا گمان بھی نہیں ہوتا ۔

موسیقی کے حکم کی معلومات کے لیے آپ سؤال نمبر (5011) کا مطالعہ کریں ۔

واللہ اعلم.